اُردو (لازمی)	دہم، گوجرانوالہ بورڈ 2025ء	پہلا گروپ
وقت: 2.10 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 60

(حصہ اوّل)

-2 درج ذیل اشعار میں حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو کی تشریح کیجیے۔ 10

(حصہ نظم)

(i) غریبوں کی جان کو، یتیموں کے دل کو — سکوں ہو گیا ہے، قرار آ گیا ہے

(ii) سرِ نگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی — جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iii) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا — ایک رہیں گے، ایک رہے گا، ایک ہے نام ہمارا

(iv) پانی تھا آگ، گرمی روزِ حساب تھی — ماہی جو سیخِ موج تک آئی، کباب تھی

(حصہ غزل)

(v) کاروبارِ جہاں سنوارتے ہیں — ہوش جب بے خودی سے ملتا ہے

(vi) ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں — اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

(vii) جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے — یہ دِل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں

(حصہ دوم)

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے، سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) انگریزوں کے علمی ذوق کی مدح و ستائش بہت کی جاتی ہے۔ مگر خود ولیم راجرز نے اپنی مشہور تصنیف توپ کاپی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر بیت الحکمت کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کر دیا، جہاں قدیم اسلامی عہد کی نادر و نایاب کتابیں بہ کثرت موجود ہیں اور مخطوطات و مسودات کے لحاظ سے بھی دنیا کے عجائب خانے اور بہت سے میوزیم اس کے مقابلے میں ہیچ ہیں۔ تقریباً ہر علم و فن سے متعلق اہم کتابیں یہاں موجود ہیں۔

(ب) میرا ماتھا وہیں ٹھنکا کہ اگر یہی حال رہا تو یہاں بھی فرصت معلوم! خیر سیکڑوں الجھے حوالوں سے اس وقت تو میں بچ گیا اور میرے میزبان بھی میری وجہ سے نہ گئے مگر مجھے بہت جلد معلوم ہو گیا کہ جس عنقا، یعنی یک سُوئی کی تلاش میں میں سرگرداں تھا، وہ مجھے یہاں بھی نہ ملے گی۔

-4 درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ 10

(i) عید الفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

(ii) سلطان ٹیپو نے کن ممالک کو اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کی؟

(iii) [illegible] کے طور پر اٹھنی ملی تو اس کے جذبات کیا تھے؟

(iv) لوگ بچوں کے علاج کے لیے نام دیو کے پاس کیوں آتے تھے؟

(v) افسانہ کی تعریف لکھیے۔

(vi) انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(vii) حفیظ جالندھری کی باعث فخر تخلیق کون سی ہے؟

(viii) شاعر کو کس کی یاد کتنے عرصے سے نہیں آئی؟

-5 درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ 5

(الف) چُغل خور (ب) مُلمّع

-6 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔ 15

(الف) حب وطن (ب) لائبریری (ج) دہشت گردی

-7 درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 10

علامہ اقبالؒ کی انفرادیت یہ ہے کہ وہ ایک باعمل شاعر تھے۔ انھوں نے شعر کے ذریعے سے اسلامی تعلیمات، حسن اخلاق، خودی، فقر، درویشی اور مغرب سے بے نیازی کی تلقین کی اور اپنے عمل کے ذریعے اس کا ثبوت مہیا کیا۔ انھوں نے مسلمانوں کی سیاسی جدوجہد میں اپنی ہمت اور طاقت کے مطابق شرکت کی۔ گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے یورپ کا سفر کیا۔ اسلامی کانفرنس میں شرکت کے لیے فلسطین گئے۔ نیز اسلامی افکار اور فلسفہ کی اشاعت کے لیے ہندوستان کے مختلف علاقوں دہلی، حیدر آباد (دکن)، مدراس اور بنگلور وغیرہ کے دورے کیے۔ مسلمانوں کے اصرار پر پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کے لیے انتخاب میں حصہ لیا اور تین سال تک اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی۔ حتیٰ کہ اسلام کے نفاذ کے لیے ایک الگ خطہ زمین کے حصول کی راہ دکھائی۔ پوری دنیا کے مسلمانوں کو آزادی اور تعمیر نو کا ولولہ تازہ عطا کیا۔

سوالات:

(i) علامہ اقبالؒ کی شاعرانہ تلقین میں کیا کیا شامل ہے؟

(ii) علامہ اقبالؒ نے کن لوگوں کو آزادی اور تعمیر نو کا ولولہ تازہ عطا کیا؟

(iii) علامہ اقبالؒ نے اسلامی افکار کی اشاعت کے لیے کن علاقوں کا دورہ کیا؟

(iv) علامہ اقبالؒ نے کتنے عرصے تک پنجاب اسمبلی میں مسلمانوں کے حقوق کی جنگ لڑی؟

(v) اس عبارت کا موزوں عنوان تجویز کیجیے۔